© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

تبصرہ: ابوالادیب (ملتان)

☆ مجلّہ: معارفِ اسلامیہ ۲۰۰۴ء (سیرت نمبر) مدیراعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید

ملنے کا پتا: فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز یونیورسٹی آف کراچی

جریدہ ''معارفِ اسلامیہ'' جامعہ کراچی کا میگزین ہے' جو سال میں دو دفعہ (گرما اور سرما) اور تین زبانوں (اردو، عربی، انگریزی) میں شائع کیا جاتا ہے۔ پرچہ زیر نظر کا اردو حصہ ۲۳۸ صفحات پر مشتمل ہے' جس میں سیرت رسول ﷺ کے موضوع پر نو اہم تحقیقی مقالات شامل ہیں۔ جو ملک کے نامور سیرت نگاروں علی محسن صدیقی، ڈاکٹر نثار احمد، ڈاکٹر سید محمد ابوالخیر کشفی، پروفیسر ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، حافظ سید فضل الرحمٰن، سید عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر زینت رسول، ڈاکٹر شہناز غازی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے تحریر کردہ ہیں۔ عربی حصہ ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے' جس میں سمیعہ بنت اللہ دتہ اور ڈاکٹر نصیر احمد اختر کے مقالات شامل ہیں۔ انگریزی حصہ کے ۲۲ صفحات ہیں' جس میں سید منیر واسطی اور عبدالرشید کے مقالات شامل کیے گئے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی کی سرپرستی اور پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید کی ادارت میں شائع ہونے والا یہ شمارہ سیرت رسول ﷺ کے حوالے سے بلاشبہ ایک قابل داد کاوش ہے۔ سفید کاغذ پر خوبصورت گرد پوش کے ساتھ چھپنے والے اس جریدہ کو سیرت رسول ﷺ کے خوبصورت پھولوں پر گندھے ہوئے ایک گلدستے سے تشبیہ دی جاسکتی ہے' جس سے امن، رواداری، محبت، اخوت اور تحمل و بردباری کے رنگوں کے ساتھ ساتھ غیرت وحمیت' شرافت وعدالت، اخلاقِ حسنہ اور شجاعت و بہادری کی خوشبو آتی ہے۔

☆ کتاب: تعلیماتِ نبوی اور آج کے زندہ مسائل مؤلف: سید عزیز الرحمٰن

قیمت: ۲۴۰ روپے ضخامت: ۴۱۶ صفحات ناشر: القلم۔ فرحان ٹیرس ناظم آباد نمبر ۲' کراچی

تحریک پاکستان کا جذبۂ محرکہ خالصتاً دینی اور مذہبی تھا۔ ہندوستان کے اکثر مسلمانوں کے پاکستان آنے کا مقصد محض یہ تھا کہ پاکستان میں اسلامی قوانین اور اسلامی اقدار کی پاسداری کی جائے گی۔ انہیں اس وقت کے اکابر نے یہی عندیہ دیا تھا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں' ان کے رسم ورواج، تہذیب وتمدن، رہن سہن الگ الگ ہیں' اسے دوقومی نظریئے کا نام دیا گیا۔ تشکیل پاکستان کے بعد اگرچہ ہماری قومی کارکردگی اتنی حوصلہ افزاء نہیں رہی۔ پھر بھی برصغیر پاک وہند میں ایک وسیع علمی اور تصنیفی سرگرمیاں جاری رہیں۔ بیسویں صدی کے مسلم مفکرین نے اسلامی علوم وفنون

© rasailojaraid.com